الیکشنز کینیڈا - ووٹر انفرمیشن گائڈ

ہم مل کر مستقبل تعمیر کریں گے .

یہاں پر، میں اپنا مستقبل منتخب کرسکتی ہوں .

یہ میری فیملی کے لئے بہتر جگہ ہے .

میرے بچّے یہاں بہت سے مواقع حاصل کرسکتے ہیں.

ووٹ کیوں ڈالیں ؟

ووٹ ہمارا بنیادی حق ہے، اور ہم ووٹ یہ طے کرنے کے لئے دیتے ہیں کہ ہماری مل جل کر رہنے کی رضامندی کے حوالے سے، قاعدے قوانین بنانے کے ضمن میں، کون ہماری نمائیندگی کرے گا .

الیکشن میں کیا ہوتا ہے ؟

الیکشن میں، ہم اپنے حلقہء انتخاب سے اپنی پسند کے امیدوار کو ووٹ دیتے ہیں. سب سے زیادہ ووٹ پانے والا امیدوار منتخب ہوتا ہے .

وہ ہی پارلیمینٹ کا ممبر بنتا/بنتی ہے .

مزید معلومات کے لئے اپنے مقامی الیکشنز کینیڈا کے دفتر میں فون کریں .

آپ ہماری ویب سائٹ یا ہمارے ٹول فری فون سے نمبر حاصل کرسکتے ہیں .

www.elections.ca

1 800 463-6868

TTY 1 800 361-8935

بہروں یا اونچا سننے والوں کے لئے

Elections Canada

EC90241 (0404) / Urdu/Ourdou

جن کلیدی الفاظ کی آ گاہی مجھے درکار ہے .

انتخاب کنندہ وہ کینیڈین شہری ہے، جس کی عمر الیکشن والے دن کم از کم 18 سال ہو .

امیدوار وہ لوگ ہیں جو منتخب ہونے کے خواہش مند ہیں .

ووٹرز لسٹ میں ان لوگوں کے نام درج ہوتے ہیں جن کا اندراج ووٹ دینے والوں میں کیا گیا ہے .

مجھے میرا **ووٹر انفارمیشن کارڈ** بذریعہ ڈاک مل گیا ہے . یہ توثیق کرتا ہے کہ میرا نام ووٹرز کی لسٹ میں شامل ہے اور یہ مجھے آگاہ کرتا ہے کہ مجھے کب اور کہاں ووٹ ڈالنا ہے .

پولنگ اسٹیشن وہ جگہ ہے جہاں مجھے ووٹ ڈالنے جانا ہے .

ڈپٹی ریٹرننگ آفیسر مجھے پرچی (بیلٹ) دیتا/دیتی ہے . اس کے علاوہ وہ انتخاب کنندگان کی پرچی پر نشان لگانے میں بھی مدد کر سکتا/کر سکتی ہے .

جب میں ووٹ ڈالتا/ڈالتی ہوں تب **پول کلرک** میرا نام ووٹرز کی لسٹ سے کاٹ دیتا/دیتی ہے .

پرچی (بیلٹ) وہ کاغذ ہے جس پر میرے انتخابی حلقے کے امیدواروں کے نام درج ہوں.

کینیڈا میں ووٹنگ **خفیہ پرچی** کے ذریعے ہوتی ہے .

ووٹنگ اسکرین وہ الگ جگہ ہے جہاں پردے کے پیچھے جا کر میں اپنی پسند سے پرچی پر نشان لگاتا/لگاتی ہوں .

پرچی پر نشان لگانے کے بعد، میں وہ پرچی ڈپٹی ریٹرننگ آفیسر کو واپس کرتا /کرتی ہوں، وہ اس کے بند (ٹیب) کو پرچی کھولے بغیر الگ کر دیتا /دیتی ہے، تا کہ میرا ووٹ خفیہ رہے .

اس کے بعد میں وہ پرچی **بیلیٹ بکس** میں ڈال دیتا/دیتی ہوں .

الیکشن - میرا ایک انتخاب

جب الیکشن ہو ، مجھے ڈاک کے ذریعے ایک **ووٹر انفارمیشن کارڈ** ملے گا ، جو اس بات کی توثیق کرتا ہے کہ میرا نام ووٹرز کی لسٹ میں شامل ہے .

یہ کارڈ اہم ہے .

یہ مجھے بتاتا ہے کہ کہ میں کیسے کب اور کہاں ووٹ دے سکتا/سکتی ہوں .

اگر مجھے میرا کارڈ نہیں ملے تو ، میں **الیکشنز کینیڈا** سے رابطہ کر کے معلوم کرونگا/کرونگی کہ میں کس طرح ووٹرز کی لسٹ میں اپنا نام شامل کروا سکتا/سکتی ہوں تا کہ ووٹ دے سکوں .

میں الیکشن کے دوران میں الیکشنز کینیڈا کی ویب سائٹ www.elections.ca پر جا کر امیدواروں کے نام معلوم کر سکتا/سکتی ہوں . میں ریڈیو سن کر، ٹیلی وژن دیکھ کر، اخبار پڑھ کر اور دوستوں سے بات چیت کے ذریعے اور فیملی کے لوگوں سے بھی ان کے نام اور قوائد سے آگاہی حاصل کر سکتا /سکتی ہوں . میں اسی امیدوار کا انتخاب کرونگا/کرونگی جس کو میں اپنا نمائیندہ بنانا چاہوں گا/گی .

میں کیسے ووٹ دے سکتا/سکتی ہوں؟

میں تین طریقے سے ووٹ دے سکتا/سکتی ہوں .

میں مقررہ دن سے پہلے بھی ووٹ دے سکتا/سکتی ہوں .

مقررہ دن سے پہلے کی سہولت ان لوگوں کے لئے ہے جو الیکشن والے دن ووٹ نہیں ڈال سکتے یا ڈالنا نہیں چاہتے ہیں .

تمام ووٹ دہندگان مقررہ دن سے پہلے ووٹ ڈال سکتے ہیں .

میں اپنے ووٹر انفارمیشن کارڈ یا الیکشنز کینیڈا سے کارڈ پر دیئے گئے فون نمبر پر، مقررہ دن سے پہلے کی ووٹنگ کی جگہ اور وقت معلوم کر سکتا/سکتی ہوں .

میں خصوصی پرچی کے ذریعے ووٹ دے سکتا/سکتی ہوں .

خصوصی پرچی کے ذریعے ووٹنگ بذریعہ ڈاک یا اپنے حلقے کے ریٹرننگ آفیسر کے دفتر میں کی جا سکتی ہے.

مزید معلومات میں الیکشنز کینیڈا سے رابطے کے ذریعے حاصل کر سکتا/سکتی ہوں .

میں بذاتِ خود الیکشن والے دن ووٹ دے سکتا /سکتی ہوں .

الیکشن کے دن ، میں اپنے پولنگ اسٹیشن ووٹ دینے جاتا/جاتی ہوں .

ووٹر انفارمیشن کارڈ پر، تاریخ، وقت اور پولنگ اسٹیشن کا پتا درج ہے .

پولنگ اسٹیشن پر، میز پر رکھے نمبروں میں سے ایک نمبر وہ ہوگا جو میرے ووٹر انفارمیشن کارڈ پر درج ہے .

میز پر دو الیکشن آفیسرز ہیں: **ڈپٹی ریٹرننگ آفیسر** اور **پول کلرک** .

میں اپنا نام اور پتا ڈپٹی ریٹرننگ آفیسر کو دیتا /دیتی ہوں . بیشتر لوگ پہلے ہی ووٹرز لسٹ پر اندراج کرا چکے ہیں.

اگر میں ووٹرز لسٹ پر نہیں ہوں، تو بھی مجھے یہ سہولت ہے کہ میں **الیکشن کے دن بھی اندراج** کرا سکتا/سکتی ہوں اپنے پولنگ اسٹیشن کے ڈپٹی ریٹرننگ آفیسر کو اپنی شناخت اور اپنا پتا دکھا کر اپنا اندراج کرا سکتا/سکتی ہوں . اس کے علاوہ اپنی شناخت اور اپنی رہائش کا حلفیہ بیان دے کر اور کسی ایسے ووٹر سے تصدیق کرا کے جو اسی حلقہء انتخاب میں اپنا اندراج کرا چکا ہے، میں بھی اپنا اندراج کرا سکتا/سکتی ہوں .

پول کلرک یہ ظاہر کرنے کیلئے کہ میں ووٹ دے چکا/چکی ہوں، ووٹر کی لسٹ سے **میرا نام کاٹ دیتا ہے.**

ڈپٹی ریٹرننگ آفیسر مجھے ایک تہہ کی ہوئی پرچی دیتا ہے .

اگر مجھے اپنی پرچی پر نشان لگانے میں دقت ہو تو وہی شخص (ڈپٹی ریٹرننگ افسر) **میری مدد** کر سکتا ہے .

میں اپنے ساتھ مددگار کے طور پر اپنے دوست یا فیملی ممبر کو پولنگ اسٹیشن لا سکتا/سکتی ہوں .

میں ووٹنگ کے پردے کے پیچھے جاتا/جاتی ہوں. کوئی نہیں دیکھ سکتا کہ میں نے کسے ووٹ دیا .

میں اپنے پسندیدہ امیدوار کے نام کے آگے بنے دائرے میں X **کا نشان لگاتا/لگاتی ہوں .**

میں اپنی پرچی کو تہہ کرتا/کرتی ہوں تا کہ میرا ووٹ خفیہ رہے .

میں اپنی تہہ شدہ پرچی ڈپٹی ریٹرنگ آفیسر کے پاس واپس لے کر جاتا/جاتی ہوں جو اس کے بند (ٹیب) کو **الگ کر دیتا ہے .**

ڈپٹی ریٹرننگ آفیسر میری پرچی مجھے واپس کر دیتا ہے .

میں اپنی پرچی صندوق میں ڈال دیتا/دیتی ہوں .

میرا مستقبل ، میرا ووٹ ہے .

Elections Canada